**CCE RR**

**UNREVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್, 2018

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2018**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2018 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 04. 04. 2018 ] **Code No. : 66-U**

ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80

[ Max. Marks : 80

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| 10 × 1 = 10 | درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | |
| | سدرۃ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں ؟ | .1 |
| 1 | جواب : حضرت جبرئیلؑ کا آخری مقام۔ | |
| | ضلع کلبرگی کی اہم ندیاں کونسی ہیں ؟ | .2 |
| 1 | جواب : کرشنا اور بھیما۔ | |
| | زمین کا چاند کون بننا چاہتا ہے ؟ | .3 |
| 1 | جواب : زمین کا چاند شاعر بننا چاہتا ہے۔ | |
| | عالم دوست ملا نصیر الدین کو کیوں آزمانا چاہتا تھا ؟ | .4 |
| 1 | جواب : کیونکہ ملا نصیر الدین ہمیشہ اپنے عِلم کی شیخی بگھارتا تھا۔ | |
| | وہ کیا وجہ ہے کہ شاعر اکبرالہٰ آبادی خود اپنے نہ ہوسکے ؟ | .5 |
| 1 | جواب : شدید مایوسی (شدّت یاس) کی وجہ سے۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پروفیسر راہیؔ کا اصل نام کیا تھا ؟ | .6 |
| 1 | جواب : برکت الحق قریشی۔ | |
| | ''پیغامِ یکجہتی'' کس شاعر کی نظم ہے ؟ | .7 |
| 1 | جواب : سید احمد شاکرؔ۔ | |
| | میر تقی میرؔ کی غزل کے حوالے سے بتایئے کہ جلانے والے کا حشر کیا ہوا ؟ | .8 |
| 1 | جواب : جلانے والا خود بھی جل گیا۔ | |
| | والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہرؔ کی عمر کیا تھی ؟ | .9 |
| 1 | جواب : سولہ سال | |
| | کسان اپنا رشتہ کب تک نبھاتا ہے ؟ | .10 |
| 1 | جواب : کسان اپنا رشتہ جنم جنم تک نبھاتا ہے۔ | |
| 10 × 2 = 20 | نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | |
| | گلبرگی کی اہم عمارتوں کے نام لکھئے۔ | .11 |
| 1 | قلعہ حشام، جامع مسجد، مقبرہ حسن گنگو بہمنی ۔ | |
| 1 | درگاہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ، شرن بسویشور کا مندر۔ (کوئی دو نام کافی ہیں) | |
| | سال کبیسہ (Leap year) سے کیا مراد ہے ؟ | .12 |
| | جواب : | |
| 1 | ہر چار سالوں میں تین سال 365 دن کے ہوتے ہیں جبکہ چوتھا سال 366 دن کا ہوتا ہے۔ | |
| 1 | جس سال 366 دن ہوتے ہیں اسی سال کو سال کبیسہ (Leap year) کہتے ہیں۔ | |
| | حضور اکرمؐ جب حرم پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟ | .13 |
| | جواب : | |
| 1 | حضور اکرمؐ جب حرم پاک پہنچے تو ماحول ''وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ'' کی صدا سے گونج اٹھا۔ | |
| 1 | سب کی زبان پر یہی بات تھی کہ امتیوں کی شفاعت کرنے والے، دونوں جہاں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے جانے والے آپؐ کے سوا کوئی اور نہیں۔ | |
| | پروفیسر راہیؔ کے حلیہ کے بارے میں دو، تین جملے لکھئے ۔ | .14 |
| | جواب : | |
| 1 | سفید مائل گندمی رنگ، شگفتہ مسکراتا چہرہ، لمبے بال، اونچی ناک، مناسب غیر کسرتی فربہ جسم، کلین شیو، درمیانہ قد، | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | نیلی بڑی بڑی آنکھیں اور اس پر موٹے فریم کی عینک۔ | |
| | نانو سے کیا مراد ہے ؟ | .15 |
| | جواب : | |
| 1 | ''نانو'' ایک یونانی لفظ ہے جو عدد '9' کے معنے میں استعمال ہوتا ہے۔ | |
| 1 | یہ دراصل ایک پیمائش ہے۔ | |
| | مولانا محمد علی جوہؔر کی گول میز کانفرنس میں کی گئی تقریر کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | انہوں نے کہا کہ ''میں یہاں سے اپنے ملک کو آزادی کا پروانہ اپنے ہاتھ میں لے کر جانے کے لئے آیا ہوں۔ | |
| 1 | میں ایک غلام ملک کو واپس نہیں جاؤنگا۔ آپ نے مجھے ملک کی آزادی نہیں دی تو پھر مجھے یہیں دفن ہونے کے لئے جگہ دے دیں۔'' | |
| | عطؔا کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | عطؔا کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز اس لئے ہے کیونکہ یہاں حق بات سننے کو کوئی تیار نہیں ہے۔ | |
| 1 | کوئی راز کھولنے کو تیار نہیں ہے سب خاموش ہیں۔ | |
| | شاعر سید احمد شاکؔر کے مطابق وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ہمارے باہمی جھگڑے | |
| 1 | آپسی اختلافات | |
| | دوہے میں شاعر نے خودغرضی کا آج کل کیا حال بتایا ہے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | شاعر کہتا ہے کہ آج کل خودغرضی کا روگ پھیل گیا ہے۔ | |
| 1 | بے لوثی تو پچھلے لوگوں کے ساتھ ہی چلی گئی۔ | |
| | کسان نظم کے حوالے سے بتایئے کہ ہندوستان کی آزادی کے بعد یہاں کیا کیا تبدیلیاں رونما ہوئیں ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | آزادی کے بعد ملک کا ہر شہر چاند کی بستی نظر آرہا ہے۔ اور گاؤں چمن کے مانند ہے۔ | |
| 1 | یعنی آزادی کے بعد ہمارے ملک میں خوشحالی ہی خوشحالی ہے۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | تین چار جملوں کے جوابات : | 5 × 3 = 15 |
| | بحوالۂ متن جملوں کی تشریح : | |
| 21. | ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے سوائے کردار کے۔'' | |
| | جواب : | |
| | مجتبیٰ حُسین کا لکھا ہوا سفر نامہ ''جاپان چلو، جاپان چلو'' سے یہ جملہ لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | مجتبیٰ حُسین نے جاپانیوں کے چھوٹے قد اور | 1 |
| | اچھے کردار کی تعریف کرتے ہوئے اپنے سفر نامے میں یہ جملہ لکھا ہے۔ | 1 |
| 22. | ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھِر جائے گا۔'' | |
| | جواب : | |
| | خلیل منظریؔ کا لکھا ہوا ڈراما ''خاکِ وطن اور خونِ شہیداں'' سے یہ جملہ لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | لیفٹننٹ لارنس جب میر صادق سے یہ دریافت کرتا ہے کہ کل کیا ہوگا تو | 1 |
| | میر صادق، لیفٹننٹ لارنس سے مخاطب ہو کر یہ جملہ کہتا ہے۔ | 1 |
| | درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| 23. | تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں<br>تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں | |
| | جواب : | |
| | داغؔ اپنی غزل کے مطلع میں کہتے ہیں کہ دنیا والے مسجد اور مندر کے جھگڑوں میں اُلجھے ہوئے ہیں۔ | 1 |
| | لیکن میں مندر میں بھی اپنے محبوب (خدا) کو دیکھتا ہوں اور مسجد میں بھی۔ | 1 |
| | خدا کو پانے کے لئے مسجد اور مندر کا تماشا ضروری نہیں۔ | 1 |
| 24. | یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں<br>تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا | |
| | جواب : | |
| | شاعر بشیر بدرؔ کہتے ہیں کہ تمہیں صرف یہ پھول نظر آتے ہیں۔ میرا کانٹوں کا بستر نظر نہیں آتا۔ | 1 |
| | مجھے عیش و آرام وراثت میں نہیں ملے، | 1 |
| | بلکہ میں نے کئی مصیبتوں کو جھیلنے کے بعد یہ سکون پایا ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | ان میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے : | |
| .25 | (i) کرشن چندر (ii) علامہ اقبالؔ | |
| | جواب : | |
| | (i) **کرشن چندر :** | |
| | پیدائش : 19 نومبر 1913ء، کشمیر | 1 |
| | وفات : 1977ء، ممبئی۔ | |
| | خدمات : وکالت، درس وتدریس، آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستگی۔ | 1 |
| | ادبی مقام : افسانہ نگار اور ناول نویس۔ | |
| | تصانیف : اَن داتا، ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست اور حسینوں کا شہر۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| | (ii) **علامہ محمد اقبالؔ :** | |
| | پیدائش : 9 نومبر 1877ء (1875ء) سیالکوٹ | |
| | وفات : 21 اپریل 1938ء | 1 |
| | تعلیمی قابلیت : فلسفہ، وکالت، اور ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں۔ | |
| | ادبی مقام : بچوں کے لئے خوب صورت نظمیں لکھیں۔ شاعر، فلسفی اور مفکر۔ | 1 |
| | مجموعہ کلام : بانگ درا، بالِ جبرئیل، ضربِ کلیم اور ارمغانِ حجاز۔ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : | 2 × 4 = 8 |
| .26 | اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | |
| | **یا** | |
| | ڈرامہ ''خاک وطن اور خونِ شہیداں'' کے حوالے سے حضرت ٹیپو سلطانؒ کے کردار پر روشنی ڈالئے۔ | |
| | جواب : | |
| | اُم المومنین حضرت عائشہؓ حضور اکرمؐ کی محبوب بیوی تھیں۔ آپؓ نے حضور اکرمؐ کی زندگی کا گہرا مطالعہ کیا اور اُس پر مکمل پیروی کی۔ | 1 |
| | آپؓ کو تاریخ، ادب اور طب میں مہارت حاصل تھی۔ | 1 |
| | آپؓ بڑی غنی اور سخی تھیں۔ غریبوں اور محتاجوں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرتی تھیں۔ | 1 |
| | آپؓ کا ایک معمولی سا گھر تھا بڑی مشکل سے زندگی بسر کرتی مگر کبھی حرفِ شکایت زبان پر نہیں لایا۔ | 1 |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| 1 | حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ ایک بہادر، دلیر اور جاں باز حکمراں تھے۔ انہوں نے اپنے وطن کے لئے جان و مال کی قربانیاں دیں۔ | |
| 1 | انگریزوں کی غلامی سے ملک کو آزاد کرانے کے لئے اپنی آخری سانس تک جدو جہد کی۔ وہ چاہتے تو جنگ کو چھوڑ کر اپنے اہل وعیال کے ساتھ جان بچا کر چتر درگ کے قلعہ میں چُھپ سکتے تھے۔ لیکن | |
| 1 | اپنے ملک اور اپنی رعایا کے خاطر اپنی جان اور اہل وعیال کی بھی پرواہ نہیں کی۔ حضرت ٹیپو سلطانؒ نے اپنے جن امراء و وزراء پر بھروسہ کیا وہی غدار نکلے۔ | |
| 1 | آخر کار ٹیپو سلطانؒ جنگ میں شیر کی طرح لڑتے ہوئے شہید ہو گئے اور اپنا کہا سچ کر دکھایا کہ ''گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے۔'' | |
| | کسی **ایک** نظم کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے : | |
| | (i) حمد (ii) نعت | 27. |
| | حمد کے ابتدائی چار اشعار : | |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک — راجا اور پر جا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے — آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے — دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جُوت ہے تیری جَل اور تھَل میں — بَاس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | **یا** | |
| | نعت کے ابتدائی چار اشعار : | |
| 1 | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ — رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | |
| 1 | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدائیں — وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالم — نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | |
| 1 | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی — مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | |
| | **PART-B/حصہ - ب** | |
| 12 × 1 = 12 | درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : | |
| | وہ کلمہ جو خود اپنے معنی دیتا ہو، کہلاتا ہے۔ | 28. |
| 1 | جواب : (C) مستقل کلمہ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | مضمون کے تین حصے یہ ہیں۔ | .29 |
| 1 | جواب : (B) تمہید، نفسِ مضمون، اختتام | |
| | سابقہ لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | .30 |
| 1 | جواب : (D) ہم محلّہ | |
| | محاورہ ''معذرت خواہ ہونا'' کے معنی یہ ہیں۔ | .31 |
| 1 | جواب : (A) معافی چاہنا | |
| | ڈرامہ ایک یونانی لفظ 'ڈراؤ' سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں۔ | .32 |
| 1 | جواب : (B) کر کے دکھانا | |
| | غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔ | .33 |
| 1 | جواب : (C) مطلع | |
| | لفظ ''قدیم'' کی ضد۔ | .34 |
| 1 | جواب : (B) جدید | |
| | اللہ تعالیٰ کی تعریف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔ | .35 |
| 1 | جواب : (A) حمد | |
| | ''حسن گنگو کا مزار'' اس جملے میں حروفِ ربط کی نشاندہی کیجئے۔ | .36 |
| 1 | جواب : (D) کا | |
| | وہ حروف جو جملوں میں سبب ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں، کہلاتے ہیں۔ | .37 |
| 1 | جواب : (C) حروفِ علت | |
| | ان میں سے مرکب لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | .38 |
| 1 | جواب : (A) مسیحائے قوم | |
| | غیر مترادف لفظ علیحدہ کیجئے۔ | .39 |
| 1 | جواب : (D) قمر | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-C/حصّہ-ج** | |
| 3 × 1 = 3 | درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : | 40. |
| | (i) Cow is a domestic animal | |
| | (ii) It gives us milk | |
| | (iii) Children like milk | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) گائے ایک پالتو جانور ہے۔ | |
| 1 | (ii) وہ ہمیں دودھ دیتی ہے۔ | |
| 1 | (iii) بچے دودھ پسند کرتے ہیں۔ | |
| 1 × 4 = 4 | اپنے میر معلم کو ایک خط لکھ کر دو دن کی رخصت طلب کیجئے۔ | 41. |
| | **یا** | |
| | اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دی گئی ہو۔ | |
| | جواب : | |
| 1 × 4 = 4 | **میر معلم کے نام خط :** | |
| | i) منجانب/ نام : XYZ | |
| 1 | ii) بخدمت : میر معلم صاحب | |
| 1 | iii) عرضِ مدعا : دو دن کی رخصت کی گذارش | |
| 1 | iv) مضمون خط : مناسب وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی طلب کرنا۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپکی/ آپکا فرماں بردار شاگرد۔ | |
| | vi) مقام/ تاریخ : | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | **والد کے نام خط:** | |
| | i) نام : XYZ | |
| 1 | ii) مقام وتاریخ : | |
| 1 | iii) آداب/القاب : والدمحترم قبلہ آداب | |
| 1 | iv) مضمون خط : پڑھائی سے متعلق ذکر کرنا۔ | |
| | v) اختتام : فقط آپکا/آپکی فرمابردار بیٹا/بیٹی | |
| 1 | vi) مکتوب الیہ کا نام و پتہ : | |
| 1 × 4 = 4 | کسی **ایک** عنوان پر مضمون : | .42 |
| | (i) تعلیم کی اہمیت | |
| | (ii) ماحول کی حفاظت | |
| | (iii) آپ کا پسندیدہ کھیل | |
| | جواب : | |
| | (i) **تعلیم کی اہمیت :** | |
| 1 | (a) تمہید – کسی قول، ضرب المثل یا حدیث مبارکہ سے آغاز کرنا۔ | |
| | (b) نفس مضمون – عِلم کی اہمیت سے واقف کرانا۔ | |
| 2 | عالم اور جاہل میں فرق بتانا۔ | |
| 1 | (c) اختتام – تعلیم سے متعلق خود کی رائے دینا۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) **ماحول کی حفاظت :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، ضرب المثل یا حدیث مبارکہ سے آغاز کرنا۔ | |
| | (b) نفس مضمون - ماحول کے معنی، آلودگی کے نقصانات اور | |
| 2 | ماحول کی حفاظت کے بارے میں جانکاری | |
| 1 | (c) اختتام - اپنا اظہارِ خیال کرنا۔ | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| | (iii) **آپکا پسندیدہ کھیل :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | |
| | (b) نفس مضمون - اپنے پسندیدہ کھیل کا نام اس سے ہونے والے فائدے اور | |
| 2 | اس کھیل کے قاعدے بتانا۔ | |
| 1 | (c) اختتام - اپنی خود کی رائے دینا۔ | |
| 4 × 1 = 4 | درج ذیل عبارت کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : | |
| | مولانا ابوالکلام آزادؔ 11 نومبر 1888ء کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آزاد کا اصل نام غلام محی الدین تھا۔ اُن کے والد مولوی خیر الدین کلکتہ کے رہنے والے تھے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ آپ بچپن ہی سے بہت ذہین اور چالاک تھے۔ کم عمری ہی میں آزاد نے عربی، فارسی، اُردو اور بنگلہ زبانوں میں مہارت حاصل کر لی۔ آپ مجاہد آزادی بھی تھے اور ہمارے ملک کے پہلے وزیرِ تعلیم بھی۔ آپ کے پیدائشی دن یعنی 11 نومبر کو ہر سال یومِ تعلیم منایا جاتا ہے۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | سوالات : | |
| | مولانا ابوالکلام آزاد کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | .43 |
| 1 | جواب : 11 نومبر 1888ء کو مکہ مکرمہ۔ | |
| | مولانا آزاد کے والد کہاں کے رہنے والے تھے ؟ | .44 |
| 1 | جواب : کلکتہ | |
| | مولانا آزاد کم عمری ہی میں کن زبانوں میں مہارت حاصل کر لی تھی ؟ | .45 |
| 1 | جواب : عربی، فارسی، اُردو، بنگلہ۔ | |
| | یومِ تعلیم کب منایا جاتا ہے ؟ | .46 |
| 1 | جواب : 11 نومبر کو۔ | |